## سوال

(18) غسل جمعہ کے بعد وضو کرنا؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا غسل جمعہ کرنے کے بعد وضو کرنا ضروری ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اگر وضو کر کے غسل کیا ہے تو پھر دوبارہ وضو کرنے کی ضرورت نہیں بشرطیکہ شرمگاہ کو ہاتھ نہ لگے کیونکہ شرم گاہ کو ہاتھ لگنے سے وضو ٹوٹ جائے گا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

"لاتقبل صلوة من أحدث حتى يتوضأ"

''بے وضو نماز قبول نہیں ہوگی یہاں تک کہ وضو کرے۔'' (متفق علیہ مشکوٰۃ)
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"إذا مس أحدكم ذكره فليتوضا"

''جب تم میں سے کوئی اپنی شرم گاہ کو چھوئے تو وضو کرے یا کسی اور وجہ سے وضو ٹوٹ جائے تو وضو کرے گا''۔ (مشکوٰۃ ص ۴۱)

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

# آپ کے مسائل اور ان کا حل

## ج1